Australian Government
Services Australia

URDU

# Special Benefit

## Special Benefit سے کیا مراد ہے؟

Special Benefit آمدن میں مدد کے لیے ادائیگی ہے جو آپ کو تب مل سکتی ہے جب آپکو ہماری طرف سے کوئی دوسری ادائیگی نہ مل سکتی ہو۔ یہ ادائیگی ہر 2 ہفتے بعد کی جاتی ہے۔

مندرجہ ذیل تمام شرائط پوری ہونے پر آپ کو Special Benefit ملنا ممکن ہے۔ آپ:

- ہماری طرف سے آمدن میں مدد کے لیے کوئی دوسری ادائیگی نہ لے سکتے ہوں
- اپنے اور اپنے زیر کفالت لوگوں کے گزارے کے لیے خود کافی آمدن نہ کما سکتے ہوں
- کسی منظور شدہ عارضی ویزے پر ہوں یا آسٹریلین سٹیزن یا رہائشی ہوں
- کلیم کرنے کے وقت آسٹریلیا میں ہوں۔

اگر آپ آسٹریلیا کے رہائشی بچے کے والد/والدہ یا سرپرست ہیں اور آپ خود آسٹریلیا میں نہیں رہتے تو آپ بچے کے لیے Special Benefit کا کلیم کر سکتے ہیں۔

## Special Benefit کا کلیم کرنے کا طریقہ

آپ 3 طریقوں سے کلیم کر سکتے ہیں:

- اپنے myGov اکاؤنٹ کے ذریعے Centrelink سے آن لائن کلیم کریں
- Claim for Special Benefit form (SU004) مکمل کریں جو آپ ہماری ویب سائیٹ پر **servicesaustralia.gov.au/su004** سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں
- کسی اور شخص یا ادارے کو اپنی طرف سے کلیم کرنے پر مامور کریں۔

اگر آپ کا myGov اکاؤنٹ نہیں ہے تو **my.gov.au** پر اکاؤنٹ بنائیں اور اسے Centrelink سے لنک کریں۔ Centrelink کو اپنے myGov اکاؤنٹ سے لنک کرنے میں مدد کے لیے **132 307** پر کال کریں اور **آپشن 3** چنیں۔ اگر آپ کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہو تو ہمیں بتائیں اور ہم آپ کو مفت انٹرپریٹر دلائیں گے۔

## کلیم کرنے کے مراحل

### آن لائن

- اپنے myGov اکاؤنٹ میں سائن اِن کریں اور **Centrelink** چنیں
- **Payments and Claims** چنیں، اور پھر **Make a Claim** چنیں
- **Other payments** کے نیچے **Apply for Special Benefit** چنیں اور سوالات کے جواب دیں
- **Upload** چن کر اپنی درخواست کی تائید میں تمام کاغذات اپ لوڈ کریں
- اپنا کلیم **Submit** کریں۔

آپ myGov یا Express Plus Centrelink موبائل ایپ کے ذریعے اپنے آن لائن کلیم کی پیش رفت دیکھ سکتے ہیں۔

### کاغذ پر

اگر آپ آن لائن کلیم نہ کر سکتے ہوں تو:

- Claim for Special Benefit Form (SU004) مکمل کر کے اس پر دستخط کریں
- فارم کے آخری صفحے پر دی گئی ہدایات کے مطابق اپنا فارم اور تائیدی کاغذات بھیج دیں۔

اگر آپ آسٹریلیا کے رہائشی بچے کی طرف سے Special Benefit کا کلیم کرنے والے والد/والدہ یا سرپرست ہیں اور آپ آسٹریلیا کے رہائشی نہیں ہیں تو آپ آن لائن کلیم نہیں کر سکتے۔ آپ کو بچے کے لیے Claim for Special Benefit for a child (SU721) فارم مکمل کرنا ہو گا جو آپ **servicesaustralia.gov.au/su721** سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کاغذ کا فارم بھیجیں تو آپ کے لیے اپنے کلیم کی پیش رفت دیکھنا ممکن نہیں ہو گا۔

### کسی اور شخص یا ادارے کو اپنی طرف سے کلیم کرنے پر مامور کریں

اسے نومینی ارینجمنٹ (نامزد شخص یا ادارے کا انتظام) کہا جاتا ہے۔ آپ اسے یہ فارم مکمل کرنے اور اپنے Centrelink کے معاملے میں مدد کرنے کے لیے اتھارٹی (اختیار) دے سکتے ہیں۔

اگر آپ کسی اور سے مدد لے رہے ہوں تو یہ آپ کے خود ہمارے ساتھ بات کرنے میں رکاوٹ نہیں بنتا۔ آپ اس کے باوجود ہم سے سوالات پوچھ سکتے ہیں، ہمیں معلومات دے سکتے ہیں یا آن لائن اپنی تفصیلات دیکھ سکتے ہیں۔

## کلیم کا فیصلہ

ہم آپ کو آپکے کلیم کے نتیجے کی اطلاع دیں گے۔

آپ اپنے myGov اِن باکس میں یا Express Plus Centrelink موبائل ایپ کے ذریعے Centrelink کا خط آن لائن پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ کو آن لائن خطوط نہیں آتے تو آپ کو ڈاک میں خط آئے گا۔

اگر آپ کو فیصلہ سمجھ نہ آئے یا آپ فیصلے سے متفق نہ ہوں تو آپ ہم سے فیصلے کی وضاحت یا اس پر نظر ثانی کرنے کے لیے پوچھ سکتے ہیں۔

## اگر ہم آپ کا Special Benefit کلیم منظور کر لیں

اگر ہم آپ کا Special Benefit منظور کر لیں تو آپ کو یہ ادائیگی لیتے رہنے کے لیے کچھ کام کرنے ہوں گے اور ہمیں کچھ باتیں بتانی ہوں گی۔

### باہمی دو طرفہ فرائض کے تقاضے

اگر آپ کی عمر 16 سال سے لے کر Age Pension کی عمر کے درمیان ہے تو آپ کے لیے مندرجہ ذیل تمام کام کرنا ضروری ہو سکتا ہے:

- ہمارے ساتھ ایک Job Plan پر اتفاق کریں جس میں وہ سرگرمیاں لکھی ہوتی ہیں جو آپ کو ملازمت کی تلاش کی خاطر کرنی ہوں
- اپنے Job Plan میں لکھی ہوئی سرگرمیاں کریں
- اگر آپ کو ایمپلائمنٹ سروسز پرووائیڈر (روزگار کی تلاش میں مدد دینے والا ادارہ) ملا ہو تو اس کے ساتھ اپائنٹمنٹس پر جائیں
- اگر آپ کا پرووائیڈر آپ سے ملازمت کی درخواستیں دینے کو کہے تو درخواستیں دیں۔

آپ کے حالات پر منحصر، ان میں سے بعض تقاضوں سے استثناء مل سکتا ہے۔

### رپورٹنگ کے تقاضے

اگر آپ کو کام سے کوئی بھی آمدنی حاصل ہو یا آپ اپنا کام/کاروبار کرتے ہوں تو آپ کو ہمیں بتانا ہوگا۔

اگر آپ کو کام سے آمدنی ملتی ہو تو آپ کو ہمیں ہر دو ہفتے میں ملنے والی اپنی گروس (مجموعی) آمدنی کی رقم بتانی ہو گی۔ گروس آمدنی آپ کو ملنے والی وہ ٹوٹل رقم ہے جو آپ کو ٹیکس یا دوسری کٹوتیوں سے پہلے ملے۔

اگر آپ اپنا کام/کاروبار کرتے ہیں تو آپ کو ہمیں اپنی کاروباری آمدنی کے متعلق بتانا ہو گا۔

اگر آپ کا پارٹنر (ازدواجی ساتھی) ہے اور اسے کام سے آمدنی ملتی ہے یا اس کا اپنا کام/کاروبار ہے تو آپ کو ہمیں اس کی آمدنی بتانی ہو گی۔

اگر آپ یا آپ کا پارٹنر کوئی آمدنی نہیں کما رہے اور آپ کی آمدنی صفر ہے تو پھر بھی آپ کو ہمیں بتانا ہوگا۔

آپ کو ہمیں یہ اس لیے بتانا ہوگا تاکہ ہم آپ کو درست رقم ادا کر سکیں۔

## اگر آپ کے حالات بدل جائیں

اگر آپ یا آپ کے پارٹنر کے حالات میں کوئی تبدیلی آئے تو آپ 14 دنوں کے اندر اندر ہمیں بتانے کے پابند ہیں۔

آپ ہمیں جن تبدیلیوں کے متعلق بتانے کے پابند ہیں، ان میں یہ بھی شامل ہیں:

- آپ اپنا قانونی نام بدلیں
- آپ کی ویزا سب کلاس میں تبدیلیاں
- آپ کے پتے یا کرایے کی رقم میں تبدیلیاں
- آپ کی بینک کی تفصیلات میں تبدیلی
- آپ کام یا تعلیم چھوڑ دیں یا شروع کریں
- آپ ریلیشن شپ (شادی یا بغیر شادی کے تعلقات) ختم یا شروع کریں
- آپ کا بچہ پیدا ہو یا آپ کے زیر کفالت کوئی بچہ آپ کے ساتھ رہنا چھوڑ دے
- آپ اپنا رہائشی گھر بیچ دیں
- آپ کو ہرجانے ، کام سے رخصت یا ضرورت نہ رہنے پر کام سے نکال دیے جانے کا معاوضہ ملے
- آپ کو کسی بھی ذریعے سے آمدنی ہو اور اس میں آسٹریلیا کے باہر سے آمدنی ملنا بھی شامل ہے۔

اگر آپ ہمیں تبدیلیوں کے متعلق نہ بتائیں تو ممکن ہے ہم آپ کو زیادہ بڑی ادائیگی کر دیں۔ اگر ایسا ہوا تو آپ کے ذمے ہمارا قرض چڑھ سکتا ہے۔

## مزید معلومات کے لیے

- Special Benefit کے بارے میں معلومات کے لیے **servicesaustralia.gov.au/specialbenefit** پر جائیں
- نومینیز کے متعلق معلومات کے لیے **servicesaustralia.gov.au/actforyou**
- پر جائیں
- **servicesaustralia.gov.au/yourlanguage** پر جائیں جہاں آپ اپنی زبان میں معلومات پڑھ، سن یا دیکھ سکتے ہیں
- Centrelink کی ادائیگیوں اور خدمات کے بارے میں ہم سے اپنی زبان میں بات کرنے کے لیے **131 202** پر فون کریں
- Medicare کے لیے **132 011** اور Child Support کے لیے **131 272** پر فون کریں۔ اگر آپ کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہے تو ہمیں بتائیں اور ہم آپ کے لیے مفت انٹرپریٹر کا انتظام کریں گے
- Services Australia کے سروس سنٹر میں جائیں۔ **servicesaustralia.gov.au/findus** پر جائیں اور اپنا سبرب اینٹر کر کے اپنے قریب ترین سروس سنٹر دیکھیں۔

## اعلان دستبرداری

اس اشاعت میں شامل معلومات ادائیگیوں اور خدمات کے بارے میں صرف بطور رہنمائی دی گئی ہیں۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ فیصلہ کریں آیا آپ کسی ادائیگی کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں اور اپنے مخصوص حالات کے حوالے سے درخواست دیں۔

Australian Government
Services Australia

ENGLISH

# Special Benefit

## What is Special Benefit

Special Benefit is an income support payment you may be able to get if you cannot get one of our other payments. It is paid every 2 weeks.

You may get Special Benefit if all the following apply. You:

- are not able to get another income support payment
- are not able to earn enough income to support you and your dependants
- hold an approved temporary visa or are an Australian citizen or resident
- are in Australia when claiming.

If you are a non-resident parent or guardian of an Australian resident child, you can claim Special Benefit on behalf of the child.

## How to claim Special Benefit

There are 3 ways you can make a claim:

- online with Centrelink through your myGov account
- fill in the Claim for Special Benefit form (SU004), which you can download from our website at **servicesaustralia.gov.au/su004**
- getting another person or organisation to act on your behalf.

If you do not have a myGov account, create one at **my.gov.au** and then link to Centrelink. For help with linking Centrelink to your myGov account, call **132 307** and select **Option 3**. Let us know if you need an interpreter and we will provide one for free.

## Steps to claim

### Online

- Sign in to your myGov account and select **Centrelink**
- Select **Payments and Claims**, then **Make a Claim**
- Under **Other payments**, select **Apply for Special Benefit** and answer the questions
- Upload all your supporting documents by selecting **Upload**
- **Submit** your claim.

You can track the progress of your online claim through myGov or the Express Plus Centrelink mobile app.

### Paper

If you cannot claim online:

- Download, fill in and sign the Claim for Special Benefit form (SU004)
- Submit the form and your supporting documents by following the instructions on the last page of the form.

If you are a non-resident parent or guardian claiming Special Benefit on behalf of an Australian resident child, you cannot claim online. You must complete the Claim for Special Benefit for a child form (SU721), which you can download from **servicesaustralia.gov.au/su721**

You will not be able to track the progress of your claim if you submit a paper form.

### Getting another person or an organisation to act on your behalf

This is called a nominee arrangement. You can authorise them to fill this form and help with your Centrelink business.

Having someone to help you does not stop you from speaking with us directly. You can still ask us questions, give us information or access your details online.

## Claim decision

We will let you know the result of your claim.

You can read your Centrelink letter online through your myGov inbox or the Express Plus Centrelink mobile app. If you do not get your letters online, you will get your letter by mail.

If you do not understand or do not agree with the decision, you can ask us to explain or review the decision.

## If we grant your Special Benefit claim

If we grant you Special Benefit there are things you need to do and tell us to keep getting the payment.

### Mutual obligation requirements

If you are between 16 and Age Pension age, you may need to do all of the following:

- agree to a Job Plan, which has the activities you need to do to help you find a job
- do the activities in your Job Plan
- go to appointments with your employment services provider, if you have one
- apply for jobs, if your provider requires this.

There are some exemptions from these requirements depending on your circumstances.

### Reporting requirements

You need to tell us if you get any money from working or are self-employed.

If you earn money from work, you must tell us the gross income you get paid each fortnight. Gross income is the total amount of money you get before tax or other deductions.

If you are self-employed, you need to tell us about your business income.

If you have a partner and they earn money from work or are self-employed, you need to let us know their income.

If you or your partner do not earn any income, you still need to tell us if your income is zero.

You need to let us know so that we can pay you the right amount.

## If your situation changes

If something changes for you or your partner you must tell us within 14 days.

Changes you need to tell us about include:

- you change your legal name
- your visa subclass changes
- your address or rent amount changes
- your bank details change
- you stop or start working or studying
- you stop or start a relationship
- you have a baby or a dependent child stops living with you
- you sell the home you live in
- you get compensation, leave or redundancy payments
- you get income from any source including outside Australia.

If you do not tell us about changes, we may pay you too much. If this happens, you may get a debt.

## For more information

- about Special Benefit, go to **servicesaustralia.gov.au/specialbenefit**
- about nominees, go to **servicesaustralia.gov.au/actforyou**
- go to **servicesaustralia.gov.au/yourlanguage** where you can read, listen to or watch information in your language
- call **131 202** to speak with us in your language about Centrelink payments and services
- call **132 011** for Medicare and **131 272** for Child Support. Let us know if you need an interpreter, and we will arrange one for free
- visit a Services Australia service centre. Go to **servicesaustralia.gov.au/findus** and enter your suburb to find your nearest service centre.

## Disclaimer

The information contained in this publication is intended only as a guide to payments and services. It's your responsibility to decide if you wish to apply for a payment and to make an application with regard to your particular circumstances.